# کسی نامحرم کے نام کا عمرہ کرنا

**مجیب:** مولانا محمد ابوبکر عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3298

**تاریخ اجراء:** 23 جمادی الاولیٰ 1446ھ /26 نومبر 2024ء

## دارالافتاء اہلسنت
(دعوت اسلامی)

## سوال

کیا عمرہ کسی نامحرم کے نام کر سکتے ہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

کسی کے نام کا عمرہ کرنا یا عمرہ کر کے اس کا ثواب کسی دوسرے کو پہنچانا شرعاً جائز ہے، چاہے دوسرا محرم ہو یا نامحرم کہ اصل میں یہ ایصال ثواب ہے اور کسی کو بھی اپنے نیک اعمال کا ثواب پہنچا سکتے ہیں۔

**تنبیہ:** یہ بات یاد رہے کہ کسی بھی نامحرم کے ساتھ رابطہ رکھنا، بے تکلفی سے باتیں کرنا، میل جول رکھنا ناجائز و حرام اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے، لہٰذا نامحرم کے نام کا عمرہ کرنے میں کسی ناجائز صورت کا ارتکاب کرنے کی اجازت نہیں۔

فتاوی ہندیہ (01، 257) البنایہ شرح الہدایہ (03، 142) فتح القدیر (03، 142) اور بحر الرائق میں ہے: "**أن الإنسان له أن يجعل ثواب عمله لغيره صلاة أو صوما أو صدقة أو قراءة قرآن أو ذكرا أو طوافا أو حجا أو عمرة أو غير ذلك**" ترجمہ: انسان کے لئے جائز ہے کہ اپنے عمل کا ثواب کسی دوسرے کو ایصال کر دے، چاہے وہ نماز ہو یا روزہ ہو یا صدقہ ہو یا تلاوت قرآن ہو یا کوئی ذکر ہو یا طواف ہو یا حج ہو یا عمرہ ہو یا ان کے علاوہ کوئی نیک عمل ہو۔ (البحر الرائق، کتاب الحج، ج 03، ص 63، الناشر: دار الکتاب الإسلامي)

علامہ علاؤالدین حصکفی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں: "الاصل ان کل من اتی بعبادۃ ما، له جعل ثوابها لغیرہ وان نواها عند الفعل لنفسه" ترجمہ: قاعدہ یہ ہے کہ ہر وہ شخص جو کوئی بھی عبادت کرے، اس کے لیے جائز ہے کہ اس کا ثواب کسی دوسرے کے لیے کر دے، اگرچہ ادائے عبادت کے وقت خود اپنے لیے اسے کرنے کی نیت کی ہو۔ (ردالمحتار مع الدر المختار، جلد 4، صفحہ 12، مطبوعہ کوئٹہ)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں ”:رہا ثواب پہنچانا کہ جو کچھ عبادت کی اُس کا ثواب فلاں کو پہنچے، اسمیں کسی عبادت کی تخصیص نہیں ہر عبادت کا ثواب دوسرے کو پہنچا سکتا ہے، نماز، روزہ، زکاۃ، صدقہ، حج، تلاوت قرآن، ذکر، زیارت قبور، فرض و نفل سب کا ثواب زندہ یا مردہ کو پہنچا سکتا ہے۔(بہار شریعت، جلد1، صفحہ 1201، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net